تحفۂ علم وحکمت

مولف : ابوعامر محمد اسحاق خاں

ناشر : ادارہ نشر واشاعت دارالعلوم تعلیم القرآن پلندری پونچھ آزاد کشمیر

تعداد صفحات : ۵۵۰ ۔ قیمت ۵۰ روپے

اس کتاب کے مولف علمی و دینی حلقوں کے لئے اجنبی نہیں ہیں۔ اس سے پیشتر بھی ان کے قلم سے علمی و دینی موضوعات پر کئی کتابیں نکل چکی ہیں۔ موصوف اسلامک مشن برائے متحدہ عرب امارات کے علاوہ اسلامی نظریاتی کونسل آزاد جموں وکشمیر کے بھی رکن ہیں۔ مولف نے اس کتاب کے لئے آنحضورؐ کی ایسی پچاس احادیث منتخب کی ہیں جو اصلاح وتزکیہ کے لئے ضروری ہیں۔ پہلے حدیث کا عربی متن اور اس کا اُردو ترجمہ درج کیا ہے۔ اس کے بعد اس حدیث کی اہمیت کے بارے میں محدثین کے اقوال نقل کئے ہیں۔ پھر اختصار کے ساتھ راوی کے حالات بیان کئے ہیں۔ الفاظ کی لغوی تشریح کے ساتھ ساتھ حدیث کی شان ورود کو بھی شرح وبسط کے ساتھ تحریر کیا ہے۔ سب سے آخر میں اس حدیث کے فوائد رقم کئے ہیں۔ بظاہر یہ تاثر قائم ہوتا ہے کہ یہ فقط حدیثوں کا انتخاب ہے مگر کتاب کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ مصنف نے اس میں بڑی کاوش کی ہے اور کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا ہے۔ تفصیل اور جامعیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ فقط پچاس حدیثوں کی تشریح میں بڑی تقطیع کے پانچ سو سے زائد صفحات تحریر کئے گئے ہیں۔ اس مجموعے کی پہلی حدیث بخاری کی وہ مشہور حدیث ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے اور جسے امام بخاری نے فاتحۃ الکتاب کے طور پر درج کیا ہے۔

کتابت وطباعت بہت عمدہ ہے۔ خوشخط نستعلیق کے جلی حروف میں کتابت کی وجہ سے کم پڑھے لکھے لوگ بھی اسے آسانی پڑھ سکتے ہیں۔ کتاب کے حجم اور سائز کو مدنظر رکھا جائے تو آج کل کے لحاظ سے قیمت نہایت مناسب ہے۔

(ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی)